**23.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

.....................................................................

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے 2024-25 کا مرکزی بجٹ پارلیمنٹ میں پیش کیا۔

☆ وزیر اعظم کے دو لاکھ کروڑ روپے مالیت کے پیکیج میں اگلے پانچ سال کی مدت میں چار کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کیلئے روزگار اور ہنرمند بنائے جانے کے موقعوں کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ مرکزی بجٹ وکست بھارت کیلئے ہے جس سے سب کی شمولیت والی ترقی کی یقین دہانی ہوتی ہے جس سے سماج کے ہر طبقے کو فائدہ ہوگا۔

☆ صنعتی اداروں نے مرکزی بجٹ کا یہ کہتے ہوئے خیرمقدم کیا ہے کہ یہ ترقی پر مرکوز ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے NEET-UG 2024 کا امتحان منسوخ کرنے سے انکار کردیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ کسی منظّم خلاف ورزی کے کوئی شواہد نہیں ملے۔

☆ اور کھیلوں میں، خواتین کے ایشیا کپ ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، سری لنکا کے شہر دامبولا میں گروپ اے کے ایک میچ میں بھارت نے نیپال کیلئے 179 رن کا جیت کا نشانہ رکھا ہے۔

.....................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Union Budget

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج نریندر مودی حکومت کی تیسری مدت کا پہلا بجٹ پیش کیا۔

لوک سبھا میں 2024-25 کا مرکزی بجٹ پیش کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ عالمی سطح کی مشکلات کے باوجود بھارت کی معیشت درخشاں رہی اور یہ آنے والے برسوں میں سب سے تیز رفتار ابھرتی ہوئی معیشت ہوگی۔

وزیر اعظم کے دو لاکھ کروڑ روپے کے پیکیج میں اگلے پانچ سال میں چار کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کیلئے روزگار اور ہنرمندی کے موقعوں کا اعلان کیا گیا ہے۔

وکست بھارت کے سلسلے میں ایک تفصیلی خاکہ پیش کرتے ہوئے بجٹ میں حکومت کی 9 ترجیحات بیان کی گئی ہیں جن میں سبھی کیلئے موقعے فراہم کئے گئے ہیں۔

اس میں زراعت، میں پیداواریت اور حالات کے تئیں مطابق، روزگار اور ہنرمندی، انسانی وسائل کی، سب کی شمولیت والی ترقی وسماجی انصاف، مصنوعات سازی اور خدمات، شہری ترقی، سب کیلئے توانائی کی فراہمی کی یقین دہانی، بنیادی ڈھانچہ، اختراع، تحقیق اور ترقی اور اگلے دور کی اصلاحات شامل ہیں۔

وزیر خزانہ نے نئے ٹیکس نظام کے تحت انکم ٹیکس میں تنخواہ یافتہ ملازمین کیلئے Standard Deduction کو پچاس ہزار روپئے سے بڑھا کر 75 ہزار روپئے کردیا ہے۔ اسی طرح، پنشن یافتگان کیلئے، فیملی پنشن پر Deduction کو 15 ہزار روپئے سے بڑھا کر 25 ہزار روپئے کردیا ہے اس سے تنخواہ پانے والے تقریباً چار کروڑ افراد اور پنشن یافتگان کو راحت ملے گی۔

حکومت نے نیا ٹیکس نظام اپنانے والوں کیلئے ٹیکس شرح کے ڈھانچے میں بھی تبدیلی کی ہے۔ ان تبدیلیوں کے نتیجے میں نئے ٹیکس نظام میں کوئی تنخواہ یافتہ ملازم، انکم ٹیکس میں 17 ہزار 500 روپئے تک کی بچت کرسکے گا۔

وزیر خزانہ نے غیرملکی کمپنیوں پر عائد کارپوریٹ ٹیکس کی شرح کو 40 فیصد سے کم کرکے 35 فیصد کردیا ہے تاکہ ترقی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے غیرملکی اثاثے کو راغب کیا جاسکے۔

حکومت نے سبھی طبقے کے سرمایہ کاروں کیلئے نام نہاد Angel ٹیکس کو ختم کردیا ہے تاکہ بھارت کے اسٹارٹ اپ ایکونظام اور کاروباری کے جذبے کو فروغ دیا جاسکے۔

حکومت نے اثاثوں میں اضافے کیلئے ٹیکس نظام کو بھی آسان بنایا ہے۔

کچھ مالی اثاثوں پر قلیل مدتی فائدوں سے ٹیکس کی شرح میں 20 فیصد اضافہ ہوگا۔ دوسری طرف سبھی مالی اور غیرمالی اثاثوں پر قلیل مدتی فائدوں سے ساڑھے 12 فیصد کی ٹیکس شرح میں اضافہ ہوگا۔

محترمہ سیتا رمن نے کچھ مالی اثاثوں پر حاصل ہونے والے فائدوں پر استثنیٰ کا حد میں اضافہ کیا ہے۔ اب یہ شرح کم اور اوسط آمدنی والے طبقوں کے فائدے کیلئے ایک لاکھ 25 ہزار روپئے سالانہ ہوگی۔ اِس سال کے بجٹ میں زراعت اور متعلقہ شعبوں کیلئے ایک لاکھ 52 ہزار کروڑ روپئے کی رقم مختص کی گئی ہے۔

وزیر خزانہ نے کہا کہ اگلے دو سال میں ملک کے ایک کروڑ کسان، سرٹیفکیشن اور برانڈنگ کے ذریعے قدرتی کاشت کرنے لگیں گے۔

انھوں نے کہا کہ حکومت امداد باہمی کے شعبے کی منظّم اور ہمہ جہت ترقی کیلئے ایک قومی پالیسی وضع کرے گی۔ حکومت روزگار کے پہلے چار سال میں مینوفیکچرنگ شعبے میں اضافی روزگار کیلئے ترغیب دے گی۔ EPFO کی رقم کے سلسلے میں 30 لاکھ نوجوانوں اور ان کے آجروں کو ترغیب دی جائے گی۔

وزیر خزانہ نے ہاؤسنگ شعبے کیلئے بہت سی تجاویز کا اعلان کیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک کے دیہی اور شہری علاقوں میں PM آواس یوجنا کے تحت تین کروڑ اضافی مکانات کا اعلان کیا گیا ہے، جس کیلئے ضروری اخراجات کی رقم مختص کی جارہی ہے۔ خواتین کی قیادت والی ترقی کو فروغ دینے کیلئے بھی بجٹ میں تین لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم مختص کی گئی ہے۔ یہ رقم خواتین اور لڑکیوں کے فائدے والی اسکیموں کیلئے مختص کی گئی ہے۔

2024-25 کے مرکزی بجٹ میں حکومت نے قبائلی برادریوں کے، سماجی واقتصادی حالات بہتر بنانے کیلئے مختلف اقدامات کا ذکر کیا ہے۔ دیہی بنیادی ڈھانچے سمیت دیہی ترقی کیلئے دو اعشاریہ چھ چھ لاکھ کروڑ روپئے کی رقم

مختص کی گئی ہے۔ وزیر خزانہ نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ انڈیا پوسٹ پیمنٹ بینک کی مزید 100 شاخیں شمال مشرقی خطے میں قائم کی جائیں گی تا کہ بینکنگ خدمات میں توسیع کی جائے۔x

**Budget Custom Duty**

مرکزی بجٹ میں موبائل فون، پرنٹیڈ سرکٹ بورڈ اسمبلی PCBA اور موبائل چارجرس کی بنیادی کسٹم ڈیوٹی کو کم کرکے 15 فیصد کردیا گیا ہے۔
قیمتی دھاتیں اب سستی ہوں گی کیونکہ سونے اور چاندی پر کسٹم ڈیوٹیز کو کم کرکے چھ فیصد کردیا گیا ہے اور پلاٹینم پر یہ ڈیوٹی کم کرکے چھ اعشاریہ چار فیصد کردی گئی ہے۔
کینسر کے علاج کی مزید تین دواؤں، Trastuzumab Deruxtecan، Osimertinib اور Durvalumab کو کسٹم محصول سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ ایکسرے مشینوں کی ٹیوب اور فلیٹ پینل ڈیٹیکٹرز پر بنیادی کسٹم محصول BCD میں بھی کمی کی گئی ہے۔x

**PM Budget Reax**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ 2024-25 کا مرکزی بجٹ، وکست بھارت کیلئے ہے جس سے سب کی شمولیت والی ترقی اور سماج کے ہر طبقے کے فائدے کی یقین دہانی ہوتی ہے نیز ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے راہ ہموار ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے ملازمت سے متعلق ترغیبی اسکیم کا اعلان کیا ہے جس سے ملک میں روزگار کے کروڑوں موقعے پیدا ہوں گے۔

S/B 2100 PM ELI Scheem

بھارت کو، دنیا کا، ایک مینوفیکچرنگ مرکز بنانے کے عزم پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے بہت چھوٹے، چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروبار MSME کو، ملک کے متوسط طبقے اور سماج کے غریب طبقے کیلئے، ملازمت کے امکانات سے مربوط کرنے پر زور دیا۔

S/B 2100 PM ODOP

دفاع کے شعبے میں ریکارڈ برآمدات کا خاص طور پر ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اِس سال کے بجٹ میں ایک خودکفیل دفاع کا شعبہ تشکیل دینے کے بہت سے التزامات رکھے گئے ہیں۔

S/B PM Defence

**Defence Minister Budget**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کو مالی سال 2024-25 کیلئے بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے وزارت دفاع کیلئے اب تک کی سب سے زیادہ رقم 6 لاکھ 21 ہزار 940 کروڑ 85 لاکھ روپے مختص کیے جانے پر وزیر خزانہ کا شکریہ ادا کیا۔ وزارت دفاع کا بجٹ، مجموعی

بجٹ کا 12 اعشاریہ 9 فیصد ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ 1 لاکھ 72 ہزار کروڑ روپے کا صرفہ مسلح افواج کی صلاحیتوں کو مزید مستحکم کرے گا۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ گھریلو خریداری کیلئے 1 لاکھ پانچ ہزار 518 کروڑ 43 لاکھ روپے کی رقم سے آتم نربھر بھارت کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔

جناب سنگھ نے زور دے کر کہا کہ پچھلے بجٹ کے مقابلے سرحدی سڑک کے مَد میں 30 فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ BRO کیلئے ساڑھے چھ ہزار کروڑ روپے کے بجٹ سے ہمارے سرحدی بنیادی ڈھانچے مزید بہتر ہوں گے۔ x

## Minister Railways Budget

ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے 25-2024 کے مرکزی بجٹ کو، ریلویز کیلئے ایک تاریخی بجٹ قرار دیا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ ریلویز کیلئے بجٹ میں دو لاکھ 62 ہزار دو سو کروڑ روپئے کی، اب تک کی سب سے بڑی رقم مختص کی گئی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس سے ریلوے کے محکمے کو بڑے پیانے پر فروغ حاصل ہوگا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ کُل بجٹ میں سے ایک لاکھ آٹھ ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم حفاظت سے متعلق سرگرمیوں کیلئے مختص کی گئی ہے۔x

## Budget Reaction

کانگریس نے بجٹ کی یہ کہتے ہوئے تنقید کی ہے کہ یہ بجٹ امیدوں پر پورا نہیں اترتا اور نہ ہی اس سے آمدنی کا فرق ختم ہوتا ہے۔

پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ ششی تھرور نے کہا کہ بجٹ میں MG نریگا کا بھی کوئی ذکر نہیں ہے۔ البتہ جناب تھرور نے، بجٹ میں Angel ٹیکس کو ختم کئے جانے کا خیرمقدم کیا ہے۔سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے مرکزی بجٹ پر یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی ہے کہ یہ بجٹ افراطِ زر اور بے روزگاری کے مسائل کو دور کرنے میں ناکام ہے۔

دوسری طرف صنعتی گھرانوں نے 25-2024 کے مرکزی بجٹ کا خیر مقدم کیا۔

نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے FICCI کے صدر Anish Shah نے بجٹ کی تعریف کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ بجٹ ترقی پر مرکوز ہے، جس میں نوجوانوں، خواتین اور کسانوں سمیت بہت سے شعبوں پر توجہ دی گئی ہے۔

CII کے صدر سنجیو پوری نے، 25-2024 کے مرکزی بجٹ کو ترقی پر مرکوز بجٹ قرار دیا ہے۔ انھوں نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اِس بجٹ سے معیشت کی ترقی کو مزید رفتار فراہم ہوگی۔

ایسو چیم کے سکریٹری جنرل دیپک سود نے مرکزی بجٹ کو ایک متوازن بجٹ قرار دیا ہے جس میں سبھی پہلوؤں کا خیال رکھا گیا ہے۔x

## J&K Union Budget

مرکز نے 2024-25 کے مرکزی بجٹ میں جموں وکشمیر کیلئے 42 ہزار 277 کروڑ 74 لاکھ روپئے مختص کئے ہیں۔ یہ پچھلے بجٹ کے مقابلے ایک اعشاریہ دو فیصد کا برائے نام اضافہ ہے۔

لوک سبھا میں آج وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے جو بجٹ پیش کیا ہے اُس میں 40 ہزار 619 کروڑ 30 لاکھ روپئے کی رقم، مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی مدد کیلئے مختص کی گئی ہے تاکہ جموں وکشمیر میں وسائل کے فرق کو ختم کیا جاسکے۔ اس میں 7 ہزار 900 کروڑ روپئے کی وہ رقم بھی شامل ہے جو بھارت کے ہنگامی فنڈ سے، پیشگی رقم کے طور پر منظور کی گئی تھی۔

حکومت نے جموں وکشمیر کیلئے 279 کروڑ روپئے کی رقم مختص کی ہے۔ یہ رقم قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کی بھرپائی میں معاون ہوگی۔ بجٹ میں 101 کروڑ 77 لاکھ روپئے، مرکز کے زیر انتظام علاقے کے اخراجات کیلئے مختص کئے گئے ہیں تاکہ بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کیلئے وسائل کے فرق کو پورا کیا جاسکے۔

اس کے علاوہ مرکز نے J&K پولیس کیلئے 9 ہزار 789 کروڑ 42 لاکھ روپئے مختص کئے ہیں۔x

## SC NEET

آج سپریم کورٹ نے سوالنامہ Leak ہونے اور بدعنوانی کی بنیاد پر NEET-UG 2024 امتحان کو منسوخ کئے جانے سے انکار کر دیا۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس JB پار دی والا اور جسٹس منوج مشرا پر مشتمل ایک بینچ نے یہ حکم جاری کیا۔ عدالت نے کہا کہ ایسا کوئی مواد نہیں پایا گیا ہے، جس سے اشارہ ملتا ہو کہ پیپر لیک سے پورے امتحان کا تقدس پامال ہوا ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ دوبارہ امتحان کرائے جانے کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے اور اس سے 23 لاکھ طلباء متاثر ہوں گے، جس سے تعلیمی سال کے پروگرام میں رخنہ پڑے گا اور آئندہ برسوں میں اس کے متعدد اثرات رونما ہوں گے۔ x

## Jal Jeevan Mission

قومی جل جیون مشن کے تحت پورے ملک میں 15 کروڑ دیہی گھروں میں نل کنکشن مہیا کرکے ایک تاریخ ساز سنگ میل طے کیا ہے۔ مشن کے تحت 2019 میں تین کروڑ نل کنکشن سے شروعات کرکے محض پانچ برس کے عرصے میں یہ تعداد 15 کروڑ پر پہنچ گئی ہے۔ قومی جل جیون مشن کا اعلان 2019 میں کیا گیا تھا، جس کا مقصد 2024 تک ہر دیہی گھر تک نل کے ذریعے پانی کی سہولت فراہم کرنا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جل شکتی کے وزیر سی۔ آر پاٹل نے کہا کہ اس سنگ میل نے ہم وطنوں کو نہ صرف صاف پانی کا تحفہ دیا ہے بلکہ ان کی معیار زندگی کو بھی بہتر کیا ہے۔

سردست 8 ریاستوں اور 3 مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تمام گھروں کو پانی کے کنکشن کی سہولت پہنچائی جاچکی ہے۔ ان میں گوا، تلنگانہ، ہریانہ، گجرات، پنجاب، ہماچل پردیش، میزورم، اروناچل پردیش، پڈوچیری، دار اور ناگر حویلی اور دمن اور دیو اور انڈمان نکوبار جزائر شامل ہیں۔ x

## Cricket

خواتین ایشیا کپ کرکٹ میں بھارت نے سری لنکا میں دامبولا کے مقام پر ہونے والے گروپ-اے کے میچ میں نیپال کے سامنے جیت کیلئے 179 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک نیپال نے 12 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر 58 رن بنا لئے تھے۔

اِس سے پہلے دن میں پاکستان کی خواتین ٹیم نے اِسی مقام پر متحدہ عرب امارات کو 10 وکٹ سے شکست دی۔بھارتی ٹیم فی الحال گروپ-اے کے پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست ہے اور اُسے کسی میچ میں شکست نہیں ملی ہے۔ x

## Ethiopia Land Slide

ایتھوپیا میں، مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات میں مرنے والوں کی تعداد 155 ہوگئی ہے۔ سرکاری میڈیا کے مطابق جنوبی Geze Gofa ضلع میں کل صبح یہ بھیانک واقعہ پیش آیا۔ ایک مقامی افسر کے مطابق عورتوں اور بچوں سمیت 55 سے زیادہ لاشیں برآمد ہوئی ہیں جبکہ بچاؤ کارروائی جارہی ہے لہذا مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ ایتھوپیا میں بارش کا موسم جاری ہے جو جولائی میں شروع ہو کر امکان ہے کہ نصف ستمبر تک جاری رہے گا۔ اس مشرقی افریقی ملک کے کچھ حصوں میں کبھا کبھار موسلا دھار بارش سے مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے پیش آجاتے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆